ترحیم اوارہ

مسافرینِ آخرت

جناب محمد یونس بٹ مرحوم:

مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ کے انتہائی مخلص کارکن محترم محمد یونس بٹ ۱۹ جنوری کو انتقال کر گئے۔

احرار کے ساتھ ان کی وابستگی وفا کی زندہ مثال تھی۔ حوادث زمانہ کے باوجود ان کے پائے استقامت میں لرزش نہ آئی۔ بے لوث محبت، خلوص اور جذبۂ خدمت اُن کی شخصیت کے اوصاف تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور بھائی محمد یونس مرحوم کے پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔

حافظ محمد حنیف صاحب مرحوم:

ہمارے بہت ہی کرم فرما اور عزیز دوست محترم قاری ظفر الحق صاحب اور مولانا احسان الحق صاحب کے برادرِ نسبتی حافظ محمد حنیف صاحب گزشتہ ماہ ملتان میں رحلت فرماگئے۔

حافظ صاحب مرحوم انتہائی صالح، خاموش طبع اور خوش اخلاق انسان تھے۔ تمام عمر پوری استقامت کے ساتھ دینی زندگی گزاری۔ محنت مزدوری کر کے رزقِ حلال کماتے اور باقی وقت بچوں کو قرآنِ کریم پڑھاتے۔ ان کی اچانک رحلت سے پسماندگان کو سخت صدمہ پہنچا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔

جناب قاضی عبد اللطیف مرحوم:

ماہنامہ ''الفرقان'' مظفر آباد، آزاد کشمیر کے مدیر جناب قاضی محمود الحسن اشرف کے والد ماجد محترم قاضی محمد عبداللطیف صاحب ۱۹ رجب بروز پیر رحلت فرماگئے مرحوم کے لواحقین میں چار بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ تمام بھائی دین کی تعلیم و تبلیغ میں مصروف ہیں۔ مرحوم اپنے علاقہ میں اشاعتِ دین اور ردِّ رفض میں مستعد و مصروف تھے اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرما کر درجات بلند فرمائے۔

حافظ محمد یوسف صاحب مرحوم:

ملتان سے ہمارے رفیق جناب حافظ محمد یوسف صاحب ۲۰ جنوری بروز ہفتہ دل کا دورہ پڑنے سے رحلت فرماگئے۔ چند ماہ قبل ان کے والد ماجد حافظ عبدالکریم صاحب انتقال فرماگئے تھے۔ حافظ یوسف مرحوم، ابنِ امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری صاحب کے ہم جماعت تھے اور حضرت قاری رحیم بخش پانی پتی رحمہ اللہ کے چہیتے شاگردوں میں سے تھے۔ ان کی اچانک رحلت سے اہل خاندان کو گہرا صدمہ پہنچا ہے۔ خصوصاً ان

کے برادران حافظ محمد ابراہیم صاحب، حافظ محمد معاویہ صاحب (ایم ایم ادیب)، حافظ محمد ابوبکر اور محمد بلال صاحب کے لئے ایک شفیق بھائی کی رحلت اور جدائی گہرا غم ہے۔ اللہ تعالیٰ حافظ صاحب مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔

مولانا عبدالحمید مرحوم:

بھل ضلع بھکر سے ہمارے کرم فرما محترم مولانا عبدالحمید صاحب گزشتہ ماہ اچانک رحلت فرماگئے۔ مرحوم دینی فکر رکھنے والے ایک باکردار مسلمان تھے۔ ادارہ نقیبِ ختم نبوت کے مستقل معاون تھے اور تاریخی مسائل کا گہرا مطالعہ رکھتے تھے۔

عزیزم حافظ محمد یٰسین کو صدمہ:

مدرسہ معمورہ ملتان کے طالب علم عزیزم حافظ محمد یٰسین سلمہ کے والد ماجد ۴ جنوری کو ملتان میں رحلت فرماگئے۔ عزیزم محمد یٰسین کے لئے یقیناً یہ بہت گہرا صدمہ ہے کہ وہ اپنے شفیق اور مہربان والد کی شفقتوں سے محروم ہوگئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔

عزیزم محمد علی کو صدمہ:

لاہور کے کارکن عزیزم محمد علی صاحب کی خالہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

جناب حاجی عبدالمجید صاحب مرحوم:

ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم حاجی عبدالحمید صاحب کے برادرِ اصغر اور محترم حاجی افضل صاحب کے چچا حاجی عبدالمجید صاحب ۵ رمضان المبارک کو ملتان میں رحلت فرماگئے۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے اور سئیات معاف فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)

صوفی محمد حفیظ جالندھری مرحوم:

صوفی محمد حفیظ جالندھری کا نام محتاجِ تعارف نہیں وہ ممتاز نعت خواں اور علماء حق کے مداح و مناد تھے۔ ہمارے مدارس عربیہ کے سالانہ جلسوں میں ان کی نعتوں اور نظموں کی گونج ابھی باقی ہے۔ ایک مخلص، بے نفس اور صالح انسان تھے۔ ۲۵ جنوری کو ساہیوال میں انتقال فرماگئے۔ وہ ماضی مرحوم کی یادگار تھے۔ اسلاف کے ساتھ جو تعلق و محبت انہیں میسر آیا وہ کم لوگوں کو ہی نصیب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی دینی خدمات کو قبول فرما کر ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین)

اراکینِ ادارہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور لواحقین کے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ رمضان المبارک کی خاص ساعتوں میں ان مرحومین کے لئے دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

....